PR NO01

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب نے عوام کے لئے کتے کے کاٹنے کی ویکسین کی عدم دستیابی کا نوٹس لے لیا

قومی وزارت صحت، این آئی ایچ اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی کے سربراہان 09 جنوری کو طلب

اسلام آباد(   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد کے سرکاری ہسپتالوں میں عوام کے لئے کتے کے کاٹنے کے علاج کی ویکسین کی عدم دستیابی کا نوٹس لیتے ہوئے خصوصی انکوائری کا حکم دیتے ہوئے قومی وزارت صحت، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان (ڈی آر اے پی) کے سربراہان کو 09 جنوری کو طلب کرلیا ہے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ دارالخلافہ کے بڑے ہسپتالوں میں انسانی زندگی کے لئے اہم ویکسین کی عوام کے لئے عدم دستیابی تشویشناک ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد سے ایک شکایت گزار ناظم حسین نے وفاقی محتسب کو ای میل ارسال کی کہ اس کے بیٹے کو پاگل کتے نے کاٹ لیا، وہ بیٹے کو وفاقی دارالحکومت کے ہسپتالوں میں ویکسین لگوانے کے لئے لے کر گیا تو اسے بتایا گیا کہ ہسپتالوں میں ویکسین دستیاب نہیں۔ وفاقی محتسب نے معاملے کی حساسیت کا نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کے رجسٹرار محمد ثاقب خان کو انکوائری کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وفاقی محتسب کے رجسٹرار نے فوری طور پر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) کے متعلقہ ڈاکٹر اور پولی کلینک ہسپتال کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سے رابطہ کیا تو دونوں نے تصدیق کی کہ ان کے ہاں مذکورہ ویکسین دستیاب نہیں۔ وفاقی محتسب نے معاملے کی انکوائری کا حکم دیتے ہوئے این آئی ایچ، وزارت صحت اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان کے سربراہان کو 09 جنوری کو طلب کرلیا ہے۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

02 جنوری 2024ء